

# مُحَمَّد

## بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا وَصَدُّوۡا عَنۡ سَبِيۡلِ
اللّٰهِ اَضَلَّ اَعۡمَالَهُمۡ ﴿۱﴾

وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور دوسروں کو روکا اللہ کے راستے سے اسنے برباد کر دیئے انکے اعمال۔

وَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
وَاٰمَنُوۡا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ
الۡحَـقُّ مِنۡ رَّبِّهِمۡ‌ ۙ كَفَّرَ عَنۡهُمۡ
سَيِّاٰتِهِمۡ وَاَصۡلَحَ بَالَهُمۡ ﴿۲﴾

اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور کرتے رہے نیک اعمال اور ایمان لائے اس پر جو نازل ہوا محمد (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) پر اور وہ برحق ہے انکے رب کی طرف سے۔ دور کر دیں اسنے ان سے انکی برائیاں اور سنوار دئے انکے احوال۔

ذٰ لِكَ بِاَنَّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا
الۡبَاطِلَ وَاَنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا اتَّبَعُوا
الۡحَـقَّ مِنۡ رَّبِّهِمۡ‌ ؕ كَذٰلِكَ يَضۡرِبُ اللّٰهُ

یہ اس لئے ہے کہ جن لوگوں نے کفر کیا پیروی کی انہوں نے باطل کی اور یہ کہ جو ایمان لائے پیروی کی انہوں نے حق کی اپنے رب کی طرف سے۔ اسی طرح بیان فرماتا ہے اللہ

| | |
|---|---|
| لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ۝٣ | انسانوں سے انکی مثالیں۔ |
| فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ<br>الرِّقَابِ حَتّٰٓى اِذَآ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ<br>فَشُدُّوا الْوَثَاقَ فَاِمَّا مَنًّۢا بَعْدُ وَاِمَّا<br>فِدَآءً حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا<br>ذٰلِكَ وَلَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ<br>وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَا۟ بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ<br>وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَنْ<br>يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝٤ | پس جب مقابلہ ہو تمہارا ان سے جنہوں نے<br>کفر کیا تو اڑا دو انکی گردنیں۔ یہاں تک کہ جب<br>خوب قتل کر چکو انکو تو مضبوطی سے کر لو انکو قید۔<br>پھر یا تو بطور احسان اسکے بعد اور یا فدیہ<br>(لیکر چھوڑ دو) یہاں تک کہ ڈالدے لڑائی<br>(کرنیوالا فریق) اپنے ہتھیار۔ یہ (ہے حکم) اور اگر<br>چاہتا اللہ تو خود انتقام لیتا ان سے۔ لیکن<br>(اسنے چاہا) کہ وہ آزمائے تمکو ایکدوسرے<br>کے ذریعہ۔ اور جو لوگ مارے گئے اللہ کی راہ<br>میں تو ہرگز نہیں وہ ضائع کرے گا انکے اعمال۔ |
| سَيَهْدِيْهِمْ وَ يُصْلِحُ بَالَهُمْ ۝٥ | وہ جلد ہدایت دیگا انکو اور سنوار دیگا انکے احوال۔ |
| وَ يُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا<br>لَهُمْ ۝٦ | اور داخل کریگا انکو بہشت میں اسنے واقف کر<br>دیا ہے جس سے انکو۔ |
| يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ | اے اہل ایمان اگر تم مدد کرو گے اللہ کی تو وہ مدد |

| | |
|---|---|
| يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ﴿٧﴾ | کرے گا تمہاری اور ثابت کردیگا تمہارے قدم۔ |
| وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَتَعْسًا لَّهُمْ وَاَضَلَّ<br>اَعْمَالَهُمْ ﴿٨﴾ | اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا تو ہلاکت ہے انکے<br>لئے۔ اور ضائع کردئے اسنے انکے اعمال۔ |
| ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَرِهُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ<br>فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ﴿٩﴾ | یہ اس لئے کہ انہوں نے ناپسند کیا جو نازل فرمایا<br>اللہ نے تو اکارت کردیئے اسنے انکے اعمال۔ |
| اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا<br>كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ<br>دَمَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۡ وَلِلْكٰفِرِيْنَ<br>اَمْثَالُهَا ﴿١٠﴾ | کیا نہیں یہ چلے پھرے زمین میں تاکہ دیکھتے کہ<br>کیسا ہوا انجام انکا جو لوگ تھے ان سے پہلے۔<br>تباہی ڈال دی اللہ نے ان پر۔ اور کافروں<br>کے لئے ہے انہی کی طرح کا (عذاب)۔ |
| ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا<br>وَاَنَّ الْكٰفِرِيْنَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ ﴿١١﴾ ع | یہ اس لئے کہ اللہ کارساز ہے انکا جو ایمان لائے<br>اور یہ کہ کافر نہیں ہے کوئی کارساز انکا۔ |
| اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا<br>وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ<br>مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا | بیشک اللہ داخل فرمائے گا انکو جو ایمان لائے<br>اور کرتے رہے نیک اعمال بہشتوں میں بہ<br>رہی ہیں جنکے نیچے نہریں۔ اور وہ جنہوں نے کفر |

| | |
|---|---|
| يَتَمَتَّعُوْنَ وَيَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ<br>الْاَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ۝١٢ | کیا وہ فائدے اٹھاتے ہیں اور کھاتے ہیں جیسے<br>کھاتے ہیں حیوان اور دوزخ ٹھکانہ ہے انکا۔ |
| وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ هِيَ اَشَدُّ قُوَّةً مِّنْ<br>قَرْيَتِكَ الَّتِيْٓ اَخْرَجَتْكَ ۚ اَهْلَكْنٰهُمْ<br>فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ۝١٣ | اور کتنی ہی بستیاں جو کہیں بڑھ کر تھیں قوت<br>میں تمہاری بستی سے جسنے نکال دیا تمہیں۔<br>برباد کر دیا ہم نے انکو تو نہ ہوا کوئی مددگار ان کا۔ |
| اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ<br>كَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَاتَّبَعُوْٓا<br>اَهْوَآءَهُمْ ۝١٤ | بھلا جو ہو واضح رستے پر اپنے رب کے انکی طرح<br>ہوسکتا ہے کہ خوشنما بنا دیئے گئے جنکے لئے انکے<br>برے اعمال اور جو پیروی کریں اپنی خواہشوں کی۔ |
| مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۭ فِيْهَآ<br>اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّاۗءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ<br>لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ<br>لِّلشّٰرِبِيْنَ ڬ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ۭ وَ<br>لَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغْفِرَةٌ | صفت یہ ہے اس جنت کی جس کا وعدہ کیا گیا<br>ہے متقیوں سے۔ اس میں نہریں ہیں ایسے<br>پانی کی جو بو نہیں کریگا۔ اور نہریں ہیں دودھ کی<br>نہیں بدلے گا جس کا مزہ ۔ اور نہریں ہیں<br>شراب کی جو لذت ہے پینے والوں کے لئے۔<br>اور نہریں ہیں شہد کی صاف شدہ۔ اور انکے<br>لئے وہاں ہر قسم کے میوے ہیں اور مغفرت |

مِّنۡ رَّبِّهِمۡ ؕ كَمَنۡ هُوَ خَالِدٌ فِى النَّارِ وَ سُقُوۡا مَآءً حَمِيۡمًا فَقَطَّعَ اَمۡعَآءَهُمۡ ۝١٥

ہے انکے رب کی طرف سے ۔ کیا یہ ہو سکتے ہیں انکی طرح جو ہمیشہ رہیں گے دوزخ میں اور جنکو پلایا جائے گا کھولتا ہوا پانی جو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالے گا انکی آنتوں کو ۔

وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ يَّسۡتَمِعُ اِلَيۡكَ ۚ حَتّٰۤى اِذَا خَرَجُوۡا مِنۡ عِنۡدِكَ قَالُوۡا لِلَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡعِلۡمَ مَاذَا قَالَ اٰنِفًا ۗ اُولٰٓـئِكَ الَّذِيۡنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوۡبِهِمۡ وَ اتَّبَعُوۡۤا اَهۡوَآءَهُمۡ ۝١٦

اور ان میں وہ ہیں جو کان لگائے رہتے ہیں تمہاری طرف ۔ یہاں تک کہ جب باہر جاتے ہیں تمہارے پاس سے تو کہتے ہیں ان سے جن کو دیا گیا ہے علم دین کہ بھلا کیا کہا تھا اس (رسول) نے ابھی ۔ یہی ہیں وہ مہر لگا رکھی ہے اللہ نے جنکے دلوں پر اور یہ پیروی کرتے ہیں اپنی خواہشوں کی ۔

وَ الَّذِيۡنَ اهۡتَدَوۡا زَادَهُمۡ هُدًى وَّاٰتٰهُمۡ تَقۡوٰٮهُمۡ ۝١٧

اور جو لوگ ہدایت یافتہ ہیں وہ مزید بخشتا ہے انکو ہدایت اور انکو عنایت کرتا ہے انکا تقویٰ ۔

فَهَلۡ يَنۡظُرُوۡنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنۡ تَاۡتِيَهُمۡ بَغۡتَةً ۚ فَقَدۡ جَآءَ اَشۡرَاطُهَا ۚ

تو نہیں انتظار کرتے یہ لوگ مگر قیامت کی گھڑی کا کہ آ واقع ہو ان پر ناگہاں ۔ سو یقیناً آچکی ہیں اسکی نشانیاں ۔ پھر کہاں موقع انکے لئے جب

| | |
|---|---|
| فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ﴿۱۸﴾ | وہ ان پر آنازل ہو انہیں نصیحت قبول کرنیکا۔ |
| فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ﴿۱۹﴾ ع | پس جان رکھو کہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے اور معافی مانگو اپنے قصور کی اور مومن مردوں کے لئے اور مومن عورتوں کے لئے۔ اور اللہ واقف ہے تمہارے چلنے پھرنے اور تمہارے ٹھکانے سے۔ |
| وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ ۚ فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ فِيْهَا الْقِتَالُ ۙ رَاَيْتَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ؕ فَاَوْلٰى لَهُمْ ۚ ﴿۲۰﴾ | اور کہتے ہیں وہ لوگ جو ایمان لائے کہ کیوں نہیں نازل ہوتی کوئی سورت۔ لیکن جب نازل کی گئی ایک سورت واضح احکام والی اور بیان ہوا اس میں جنگ کا۔ تو دیکھو تم انکو جن کے دلوں میں مرض ہے کہ دیکھتے ہیں تمہاری طرف اس نظر سے جس طرح بیہوشی طاری ہو رہی ہو کسی پر موت کی۔ سو خرابی ہے انکے لئے۔ |
| طَاعَةٌ وَّقَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ ۟ فَاِذَا عَزَمَ الْاَمْرُ ۟ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ | فرمانبرداری اور پسندیدہ بات کہنا (خوب ہے) پھر جب پختہ ہو گیا (جہاد کا) حکم تو اگر یہ سچے |

| | |
|---|---|
| خَيْرًا لَّهُمْ ۚ ﴿٢١﴾ | رہتے اللہ سے تو ہوتا بہت اچھا انکے لئے ۔ |
| فَهَلْ عَسَيْتُمْ إِنْ تَوَلَّيْتُمْ أَنْ تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ وَتُقَطِّعُوا أَرْحَامَكُمْ ﴿٢٢﴾ | سو اس کے سوا کیا توقع ہے تم سے اگر تم پھر جاؤ الٹے منہ تو فساد کرنے لگو زمین میں اور توڑ ڈالو اپنے رشتوں کو ۔ |
| أُولَٰئِكَ الَّذِينَ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فَأَصَمَّهُمْ وَأَعْمَىٰ أَبْصَارَهُمْ ﴿٢٣﴾ | یہی لوگ ہیں جن پر لعنت کی ہے اللہ نے اور بہرا کر دیا انہیں اور اندھا کر دیا انکی آنکھوں کو ۔ |
| أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ أَمْ عَلَىٰ قُلُوبٍ أَقْفَالُهَا ﴿٢٤﴾ | تو بھلا نہیں غور کرتے یہ قرآن میں یا دلوں پر انکے قفل پڑے ہیں ۔ |
| إِنَّ الَّذِينَ ارْتَدُّوا عَلَىٰ أَدْبَارِهِمْ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى ۙ الشَّيْطَانُ سَوَّلَ لَهُمْ ؕ وَأَمْلَىٰ لَهُمْ ﴿٢٥﴾ | یقیناً جو پھر گئے اپنی پیٹھوں پر اسکے بعد کہ جو واضح ہوگئی تھی انکے لئے ہدایت ۔ شیطان نے اچھا کر کے دکھایا انکو ۔ اور ڈھیل دی انہیں ۔ |
| ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا لِلَّذِينَ كَرِهُوا مَا نَزَّلَ اللَّهُ سَنُطِيعُكُمْ فِي بَعْضِ الْأَمْرِ ۖ وَاللَّهُ يَعْلَمُ | یہ اس لئے کہ یہ کہتے ہیں ان لوگوں سے جو بیزار ہیں اس سے جو نازل کیا اللہ نے کہ ہم مانیں گے تمہاری بات بعض معاملات میں اور اللہ |

| | |
|---|---|
| إِسْرَارَهُمْ ﴿٢٦﴾ | واقف ہے انکے پوشیدہ مشوروں سے ۔ |
| فَكَيْفَ إِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ﴿٢٧﴾ | تو کیسا ہو گا جب جان نکالیں گے انکی فرشتے مارتے ہوئے انکے چہروں اور انکی پیٹھوں پر۔ |
| ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَآ اَسْخَطَ اللّٰهَ وَكَرِهُوْا رِضْوَانَهٗ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ۧ ﴿٢٨﴾ | یہ اس لئے کہ انہوں نے پیروی کی اس کی جس سے ناراض ہے اللہ اور ناپسند کیا انہوں اسکی رضا کو تو اس نے ضائع کر دئے انکے اعمال۔ |
| اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَنْ لَّنْ يُّخْرِجَ اللّٰهُ اَضْغَانَهُمْ ﴿٢٩﴾ | کیا سمجھے بیٹھے ہیں وہ لوگ جنکے دلوں میں مرض ہے کہ ہرگز نہیں ظاہر کریگا اللہ انکے کینوں کو۔ |
| وَلَوْ نَشَآءُ لَاَرَيْنٰكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ؕ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ الْقَوْلِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اَعْمَالَكُمْ ﴿٣٠﴾ | اور اگر ہم چاہتے تو تمکو دکھا دیتے وہ لوگ تو تم پہچان لیتے انکو ان کے چہروں سے ۔ اور تم ضرور پہچان لو گے انہیں انکے انداز گفتگو سے اور اللہ واقف ہے تمہارے اعمال سے ۔ |
| وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ الْمُجٰهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ ۙ وَنَبْلُوَا۟ | اور ہم تمکو ضرور آزمائیں گے تاکہ ہم معلوم کریں جو جہاد کرنیوالے ہیں تم میں اور ثابت قدم ہیں |

| | |
|---|---|
| أَخْبَارَكُمْ ﴿٣١﴾ | اور جانچ لیں ہم تمہارے حالات۔ |
| إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ وَشَاقُّوا الرَّسُولَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَىٰ لَنْ يَضُرُّوا اللَّهَ شَيْئًا وَسَيُحْبِطُ أَعْمَالَهُمْ ﴿٣٢﴾ | یقیناً وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور روکا دوسروں کو اللہ کی راہ سے اور مخالفت کی رسول کی اسکے بعد کہ جو کچھ واضح ہوچکا تھا انکے لئے سیدھا راستہ۔ ہرگز نہیں نقصان پہنچاسکیں گے اللہ کو کچھ بھی۔ اور وہ غارت کردیگا انکے اعمال۔ |
| يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَلَا تُبْطِلُوا أَعْمَالَكُمْ ﴿٣٣﴾ | اے وہ لوگوں جو ایمان لائے اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی اور نہ ضائع کرو اپنے اعمال۔ |
| إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ ثُمَّ مَاتُوا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يَغْفِرَ اللَّهُ لَهُمْ ﴿٣٤﴾ | یقیناً وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور روکا دوسروں کو اللہ کی راہ سے پھر انہیں موت آگئی جبکہ وہ کافر ہی تھے تو ہرگز نہیں بخشے گا اللہ انکو۔ |
| فَلَا تَهِنُوا وَتَدْعُوا إِلَى السَّلْمِ وَأَنْتُمُ الْأَعْلَوْنَ وَاللَّهُ مَعَكُمْ وَلَنْ | تو نہ ہارو ہمت اور (نہ) بلاؤ صلح کی طرف۔ اور تم غالب رہو گے اور اللہ تمہارے ساتھ ہے |

| | |
|---|---|
| يَّتِرَكُمۡ اَعۡمَالَكُمۡ ﴿۳۵﴾ | اور ہرگز نہ وہ ضائع کرے گا تمہارے اعمال۔ |
| اِنَّمَا الۡحَيٰوةُ الدُّنۡيَا لَعِبٌ وَّ لَهۡوٌ ؕ وَ اِنۡ تُؤۡمِنُوۡا وَ تَتَّقُوۡا يُؤۡتِكُمۡ اُجُوۡرَكُمۡ وَلَا يَسۡـَٔلۡكُمۡ اَمۡوَالَكُمۡ ﴿۳۶﴾ | بس دنیا کی زندگی تو کھیل اور تماشا ہے۔ اور اگر تم ایمان لاؤ گے اور پرہیزگاری کرو گے تو وہ دیگا تمکو تمہارے اجر اور نہ مانگے گا تمسے تمہارے مال۔ |
| اِنۡ يَّسۡـَٔلۡكُمُوۡهَا فَيُحۡفِكُمۡ تَبۡخَلُوۡا وَيُخۡرِجۡ اَضۡغَانَكُمۡ ﴿۳۷﴾ | اگر وہ مانگ لے تمسے تمہارے مال۔ پھر طلب کرے تم سے تو تم بخل کرنے لگو اور وہ ظاہر کر دے گا تمہارے کینے۔ |
| هٰۤاَنۡتُمۡ هٰٓؤُلَآءِ تُدۡعَوۡنَ لِتُنۡفِقُوۡا فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ‌ۚ فَمِنۡكُمۡ مَّنۡ يَّبۡخَلُ‌ۚ وَمَنۡ يَّبۡخَلۡ فَاِنَّمَا يَبۡخَلُ عَنۡ نَّفۡسِهٖ‌ ؕ وَاللّٰهُ الۡغَنِىُّ وَاَنۡتُمُ الۡفُقَرَآءُ‌ ۚ وَاِنۡ تَتَوَلَّوۡا يَسۡتَبۡدِلۡ قَوۡمًا غَيۡرَكُمۡ ۙ ثُمَّ لَا يَكُوۡنُوۡۤا اَمۡثَالَكُمۡ ؏ ﴿۳۸﴾ | یہ تم ہو وہ لوگ جو کہ بلائے جاتے ہو تاکہ خرچ کرو اللہ کی راہ میں۔ تو تم میں وہ بھی ہے جو بخل کرنے لگتا ہے۔ اور جو بخل کرتا ہے بس وہ بخل کرتا ہے اپنے آپ سے۔ اور اللہ بے نیاز ہے اور تم محتاج ہو۔ اور اگر تم پھر جاؤ گے تو وہ لے آئے گا اور لوگوں کو تمہاری جگہ۔ پھر نہیں ہوں گے وہ تمہاری طرح کے۔ |